سوال

(201) حضرت جعفر صادق کے کونڈے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہمارے ہاں بعض لوگ حضرت جعفر صادقؒ کے نام کے کونڈے دیتے ہیں اور کہتے ہیں اس سے رزق میں اضافہ ہوتا ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہر وہ کام جو ثواب کی نیت سے کیا جائے مگر اس پر کتاب وسنت سے دلیل نہ ہو تو وہ عمل غیر مقبول ہے۔ حضرت جعفر صادقؒ یا حضرت فاطمہ الزہراؓ کے نام کے کونڈے دینے ایسے عمل میں سے ہیں جس کا ثبوت خیر القرون میں نہیں ملتا۔ بخاری شریف کی حدیث ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "من احدث فی امرنا ہذا مالیس منہ فہو رد۔" (صحيح البخاري كتاب الرقاق باب الانتهاء عن المعاصي)

''جو شخص ہمارے دین میں کوئی ایسی بات پیدا کرے گا جو دین میں سے نہیں ہے تو وہ مردود ہوگی۔''

اس لیئے یہ محض ایک رسم ہے جس کا کوئی ثبوت نہیں۔

اور ایسی عمل بجائے ثواب کے موجب گناہ ہوسکتا ہے لہٰذا ہمیں رسموں سے اجتناب کرکے صحیح اور اصل دین پر چلنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

ص438